# 23-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ دیڑھ سال کے دوران ملک کے نوجوانوں کو تقریباً 10 لاکھ سرکاری ملازمتیں فراہم کی گئیں۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں آنے والے دنوں میں ترقی اور فلاحی پروگراموں میں اضافہ ہوگا۔

۳۔مرکزی حکومت نے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے لئے نو ڈیٹنشن کی پالیسی کو منسوخ کردیا ہے۔

اور

۴۔زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیتوں نے سابق وزیراعظم پی وی نرسمہا راؤ کو آج ان کی 20 ویں برسی کے موقع پر حیدرآباد کے نکلس روڈ پر واقع پی وی گیان بھومی پر خراج عقیدت پیش کیا۔

OO

وزیر پنچایت راج اور دیہی آبی سربراہی سیتااکا کی ہدایت پر حیدرآباد کے ایرم منزل میں مشن بھاگیرتا کے صدر دفتر پر ایک خصوصی کال سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ اِس کال سنٹر نے آج سے کام شروع کردیا ہے۔ دیہی علاقوں کے عوام پانی کی سربراہی سے متعلق شکایتیں ٹول فری نمبر 18005994007 پر درج کراسکتے ہیں۔ 24 گھنٹے کام کرنے والے اس کال سنٹر کے انچارج سپرنٹنڈنٹ انجینئر ہوں گے۔ مشن بھاگیرتا کے ای این سی کرپاکر ریڈی روزانہ شکایتوں کا جائزہ لیں گے تاکہ 24 گھنٹوں کے اندر مسائل کو حل کرسکیں۔ کال سنٹر کا عملہ زمینی سطح پر کام کرنے والے ٹیموں کے ساتھ ربط میں رہے گا تاکہ شکایتوں پر فوری کارروائی ہوسکے۔

OO

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ دیڑھ سال کے دوران ملک کے نوجوانوں کو تقریباً 10 لاکھ سرکاری ملازمتیں فراہم کی گئیں۔ انہوں نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ مختلف محکموں میں بھرتی کئے جانے والے 71 ہزار سے زائد افراد کو تقررنامے پیش کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف وزارتوں، محکموں اور اداروں میں گزشتہ دس سال سے سرکاری ملازمتیں فراہم کرنے کی مہم جاری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ روزگار میلے نوجوانوں کو بااختیار بنارہے ہیں۔ ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال حکومت کی ترجیح ہے۔ آج ملک بھر میں 45 مقامات پر روزگار میلہ منعقد ہوا۔ بھرتی کئے گئے افراد امورِ داخلہ، ڈاک، اعلیٰ تعلیم، صحت اور خاندانی بہبود، مالی خدمات جیسے محکموں میں اپنے فرائض ادا کریں گے۔ حیدرآباد میں مرکزی وزراءٔ کشن ریڈی اور بنڈی سنجے نے مختلف پروگراموں میں شرکت کی۔ چندرائن گٹہ میں سی آر پی ایف ساؤتھ کے دفتر پر کشن ریڈی نے تقرر نامے پیش کئے جبکہ بنڈی سنجے نے حکیم پیٹ میں این آئی ایس اے کے ٹریننگ سنٹر پر تقررنامے پیش کئے۔

○○

ٹیلی ریگولیٹر اتھارٹی آف انڈیا اپنی رسائی کو بڑھانے اور وسیع تر سامعین سے ربط کے لئے ایک نیا ویب سائٹ شروع کیا ہے۔اس ویب سائٹ پر ٹیلی کام اور نشریاتی قواعد وضوابط پالیسیوں،قوانین،اعداد وشمار اور رجحانات کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ یہ وسائل عوام،محققین اور بین الاقوامی سامعین کو باآسانی دستیاب ہوں گے۔ اس اقدام کا مقصد ٹیلی کام ریگولیٹری اتھاریٹی آف انڈیا کے کام کاج میں شفافیت لانا ہے۔

○○

مرکزی وزیر اور تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے خیریت آباد اسمبلی حلقہ میں فلم نگر گورنمنٹ اسکول کو ڈوول ڈیسک اور ٹائلٹ کلینگ مشینیں تقسیم کیں۔سرکاری اسکولوں میں بنیادی سہولتوں کو بہتر بنانے کی کوشش کے حصہ کے طور پر سکندر آباد پارلیمانی حلقہ میں یہ پروگرام منعقد کیا گیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کافی اخراجات کے باوجود کئی سرکاری اسکولوں میں ابھی بھی بنیادی سہولتوں کی کمی ہے جس کی وجہ سے طلبہ خصوصاً لڑکیوں کو مشکل صورتحال کا سامنا ہے۔انہوں نے غیر سرکاری تنظیموں اور سرکاری اداروں پر زور دیا کہ وہ سرکاری اسکولوں میں سہولتوں کو بہتر بنانے کے لئے ہاتھ ملائیں۔کشن ریڈی نے طلبہ سے کہا کہ وہ سخت محنت کریں، اساتذہ کا احترام کریں اور اپنے اسکولوں اور خاندانوں کا نام روشن کریں۔

○○

زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیتوں نے سابق وزیر اعظم پی وی نرسمہا راؤ کو آج ان کی 20 ویں برسی کے موقع پر حیدرآباد کے نکلس روڈ پر واقع پی وی گیان بھومی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ملک کی معیشت اور سیاست میں تبدیلیاں لانے پر کئی افراد نے ان کی خدمات کو یاد کیا۔پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر،مرکزی وزرا کشن ریڈی اور بنڈی سنجے نے نرسمہا راؤ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے چیف منسٹرس نے بھی سابق وزیر اعظم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کے اس عظیم سپوت نے ملک کو بحران کی صورتحال سے نکال کر اونچائیوں تک پہنچانے میں اہم رول ادا کیا۔آندھرا پردیش کے چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو نے نرسمہا راؤ کو ایک قابل حکمران قرار دیا جنہوں نے اصلاحات کے ذریعہ بحران پر قابو پایا اور ملک کو آگے بڑھایا۔پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے بھی نرسمہا راؤ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے نرسمہا راؤ کو ایک دور اندیش سیاست داں قرار دیا جنہوں نے ملک کو معاشی بحران سے بچایا اور اپنی جرأتمندانہ اصلاحات سے جدید بھارت کی بنیاد ڈالی۔ سابق وزیر ہریش راؤ اور بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے بھی نرسمہا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

○○

اولمپکس میں دو میڈل جیتنے والی بھارت کی مشہور بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو پوسی ڈیکس ٹکنالوجیز کے سی ای او دتا وینکٹا سائی کے ساتھ ازدواجی بندھن میں بندھ گئی ہیں۔ شادی کی تقریب کل رات راجستھان کے اودے پور میں منعقد ہوئی۔ روایتی انداز میں اس تقریب کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس تقریب میں راجستھانی کلچر نمایاں طور پر نظر آرہا تھا۔ ارکانِ خاندان اور دوستوں کے بشمول تقریباً 150 مہمانوں نے اس تقریب میں شرکت کی۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ نے مشہور اداکار موہن بابو کی پیشگی ضمانت کی عرضی کو مسترد کردیا ہے۔ ان کے وکیل نے بتایا کہ وہ اس وقت تروپتی میں ہیں۔ خرابی صحت کی بنیاد پر موہن بابو نے پیشگی ضمانت کی عرضی دائر کی تھی۔ ان کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ وہ دل اور اعصاب سے متعلق مسائل کا شکار ہیں۔ موہن بابو پر الزام ہے کہ انہوں نے ایک صحافی پر حملہ کیا۔ سرکاری وکیل نے پیشگی ضمانت کی عرضی کی مخالفت کی۔ ڈی جی پی جتیندر نے حال ہی میں کہا تھا کہ موہن بابو کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

○○

مرکزی حکومت نے پانچویں اور آٹھویں جماعت کے لئے نو ڈیٹنشن کی پالیسی کو منسوخ کردیا ہے۔ سکریٹری تعلیم سنجے کمار نے میڈیا کو بتایا کہ پانچویں اور آٹھویں جماعت کے سالانہ امتحان میں ناکام ہونے والے طلبہ کو دو مہینوں کے اندر پھر ایک بار امتحان میں شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ اگر دوبارہ منعقد کئے جانے والے امتحان میں بھی وہ ناکام ہوتے ہیں تو انہیں اگلی جماعت میں داخلہ نہیں ملے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان طلبہ کو ان کی تعلیم مکمل ہونے تک اسکول سے خارج نہیں کیا جائے گا۔ سکریٹری نے کہا کہ طلبہ میں سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

○○

راچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹ کے حدود میں جاریہ سال کے دوران جرائم کی شرح میں چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے آج سال 2024ء کی سالانہ رپورٹ جاری کی۔ اس رپورٹ کے مطابق جملہ کیسس کی تعداد 2023ء میں 27 ہزار 586 سے بڑھ کر اس سال 28 ہزار 626 ہوگئی ہے۔ ڈکیتی کے واقعات میں چھ فیصد کی کمی آئی ہے۔ 2023ء میں 125 واقعات پیش آئے تھے جبکہ 2023ء میں 118 واقعات پیش آئے ہیں۔ مکانات میں چوری کے واقعات میں 17 فیصد کی کمی آئی ہے۔ گزشتہ سال 767 کیسس درج کئے گئے تھے جبکہ اس سال 633 کیسس درج کئے گئے ہیں۔ قتل کے واقعات میں 11 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس سال 73 قتل ہوئے جبکہ گزشتہ 66 واقعات پیش آئے تھے۔ اغوا کے واقعات میں دس فیصد کا اضافہ ہوا ہے گزشتہ سال 420 واقعات پیش آئے تھے جبکہ اس سال 463 واقعات پیش آئے ہیں۔ عصمت دری کے واقعات میں بھی 11 فیصد کا اضافہ ہوا ہے گزشتہ سال 327 واقعات پیش آئے تھے جبکہ اس سال 384 واقعات پیش آئے ہیں۔ جہیز اموات میں بھی 11 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

OO

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں آنے والے دنوں میں ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے آج پرجا بھون میں بینکرس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پورا ملک تلنگانہ کی ترقی دیکھنے پر مجبور ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے موسیٰ ندی کی ترقی کا پروگرام ایک باوقار پراجکٹ کے طور پر شروع کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکل اور اسپورٹس یونیورسٹیوں کی بڑی پیمانے پر تعمیر عمل میں آرہی ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ بینکرس کو طویل مدتی طریقہ کار کے ساتھ اپنے منصوبے تیار رکھنے چاہئے۔

OO